# پاکستان سکول عیسیٰ ٹاؤن مملکتِ بحرین

## آن لائن معاونت اور تعلیمی مواد برائے تعلیمی سال 2020ءتا2021ء

| | | |
|---|---|---|
| جماعت: ہشتم | مضمون۔اردو لازمی | کتاب کا نام۔کنول |
| سبق کا نام: قصہ حضرت موسیٰ | صفحہ نمبر۔8تا13 | پہلی سہ ماہی |

## یونٹ نمبر:4

مشق

نوٹ: سبق کی پڑھائی کریں۔

سوالات کے جوابات لکھیں۔

**سوال نمبر1:** بنی اسرائیل پر فراعین مصر کے ظلم کرنے کی کیا وجہ تھی؟

**جواب:** فراعین مصر نے بنی اسرائیل پر پابندی عائد کرنے اور ظلم و ستم ڈھانے کا سلسلہ شروع کر دیا، کیونکہ مصریوں کے خیال میں مصر میں غیر قوم یعنی بنی اسرائیل کو زیادہ قوت ملنا خود فرعون کے لیے خطرہ بن سکتا تھا۔

**سوال نمبر2:** فرعون نے حضرت موسیٰ کے قتل کا حکم کیوں صادر کیا؟

**جواب:** فرعون نے حضرت موسیٰ کے قتل کا حکم اسلئے صادر کیا کیونکہ انہوں نے نادانستگی میں ایک قبطی کا قتل کر دیا تھا۔

**سوال نمبر3:** کوہ طور پر حضرت موسیٰ نے کیا منظر دیکھا ہے؟

**جواب:** حضرت موسیٰ نے کوہ طور پر روشنی دیکھی تو سمجھے کہ آگ ہے۔ایک طرف سے نور کی روشنی پھوٹ رہی تھیں اور تمام وادی نور سے معمور تھی۔

**سوال نمبر4:** فرعون نے حضرت موسیٰ کے قتل کا حکم کیوں صادر کیا؟

**جواب:** حضرت موسیٰ کے ہاتھوں ایک قبطی کا قتل ہو گیا تھا جس کی وجہ سے فرعون نے آپ کو قتل کرنے کا حکم صادر کیا۔

**سوال نمبر5:** حضرت موسیٰ کے معجزات لکھیں۔

**جواب:** 1۔حضرت موسیٰ کے پاس ایک عصا تھا جو زمین پر پھینکتے ہی اژدھا بن جاتا تھا۔

2 ۔حضرت موسیٰ اپنا ہاتھ بغل سے نکالتے تو چمکنے لگتا۔

**سوال نمبر6 :** الفاظ کی جمع بنائیں۔

| واحد | جمع | واحد | جمع |
|---|---|---|---|
| قصہ | قصص | اطلاع | اطلاعات |
| حکم | احکام | لقب | القاب |
| تدبیر | تدابیر | علم | علوم |
| احسان | احسانات | | |

## گھر کا کام

**سوال نمبر1:**

کتاب پر دیے گئے مشکل الفاظ کے معنی فرہنگ سے تلاش کر کے لکھیں۔ صفحہ نمبر 185

**سوال نمبر2:**

سبق پڑھنے کے بعد کثیر الانتخابی سوالات کو کتاب پر حل کریں۔ صفحہ نمبر 11اور12

# پاکستان سکول عیسیٰ ٹاؤن مملکتِ بحرین

## آن لائن معاونت اور تعلمی مواد برائے تعلیمی سال 2020ء تا 2021ء

| | | |
|---|---|---|
| جماعت : ہشتم | مضمون۔اردو لازمی | کتاب کا نام۔کنول |
| سبق کا نام : قصہ حضرت موسیٰ | صفحہ نمبر۔8تا13 | پہلی سہ ماہی |

## سرگرمی نمبر1

سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔

سوال نمبر 1 : اپنے خاندان کے سب افراد کو مصر بلانے والے پیغمبر کا نام لکھیے۔

جواب:-------------------------------------------------------------------------------------------------------

سوال نمبر2: فراعین مصر کس قوم پر ظلم و ستم کرتے تھے ؟

جواب:-------------------------------------------------------------------------------------------------------

سوال نمبر 3 : حضرت موسیٰ کی والدہ نے انہیں صندوق میں رکھ کر کس دریا میں بہا دیا؟

جواب:-------------------------------------------------------------------------------------------------------

سوال نمبر 4 : حضرت موسیٰ کی بہن، بھائی اور والد کا نام تحریر کریں۔

جواب:-------------------------------------------------------------------------------------------------------

سوال نمبر5: حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کس کے محل میں پرورش پائی ؟

جواب:-------------------------------------------------------------------------------------------------------

سوال نمبر 6 : حضرت موسیٰ کی درخواست پر ان کے ساتھ کس کو نبوت حاصل ہوئی ؟

جواب:-------------------------------------------------------------------------------------------------------

## سرگرمی نمبر 2

درج ذیل الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کریں۔

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| مشیت ایزدی | |
| ندامت | |
| لغزش | |
| عیب | |
| غیر ارادی | |

## سرگرمی نمبر 3

سبق میں دیے گئے انبیاء کے ناموں کی فہرست تحریر کریں۔

❖ ---------------
❖ ---------------
❖ ---------------
❖ ---------------
❖ ---------------
❖ ---------------
❖ ---------------
❖ ---------------
❖ ---------------

BEST OF LUCK

مرتب کردہ:
مس مریم ڈار